## آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہوتی ہے، جناب الطاف حسین

## زندہ قوموں کو اپنی آزادی کی قدر کرنا چاہئے

## آج کا دن ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے،

## ملک میں غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی اور جمہوریت کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا

## 65ویں یوم آزادی کے موقع پر جناب الطاف حسین کا خصوصی پیغام

لندن:۔۔۔۔13اگست،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو پاکستان کے 65ویں یوم آزادی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے، 65ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہوتی ہے اور زندہ قوموں کو اپنی آزادی کی قدر کرنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ بانیان پاکستان نے جن مقاصد کیلئے تحریک پاکستان چلائی اور قیام پاکستان کی جدوجہد میں لاکھوں جانوں کے نذرانے پیش کئے وہ مقاصد آج تک پورے نہیں ہوئے ہیں گزشتہ 65برسوں سے پاکستان اوراس کے عوام پر فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام مسلط ہے جس کے باعث پاکستان کے 18 کروڑ عوام آزادی اور جمہوریت کے ثمرات سے محروم ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج کے دن ایک ایک پاکستانی کو یہ عہد کرنا چاہئے کہ وہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے، ملک میں غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی اور جمہوریت کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔ جناب الطاف حسین نے طلبہ وطالبات پر زور دیا کہ وہ حصول علم پر بھرپور توجہ دیں کیونکہ جو قومیں زیورعلم سے آراستہ ہوتیں ہیں وہی دنیا میں ترقی کرتیں ہیں۔

## ایم کیوایم گولیمار سیکٹر یونٹ باران گوٹھ جہانگیر روڈ کے کارکن جمیل احمد بلوچ کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13،اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم گولیمار سیکٹر یونٹ باران گوٹھ جہانگیر روڈ کے کارکن جمیل احمد بلوچ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔13اگست،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے کارکن عادل صدیقی کے والد نور محمد خان اور ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 171 کے کارکن جاوید عالم خان کی والدہ محترمہ سنجیدہ ذہین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ٹنڈو الہ یار میں عارضی طور پر رہائش پذیر بارش متاثرین میں کھانا تقسیم کیا گیا

## جدید طبی سہولیات سے آراستہ موبائل ایمبولینسوں نے بارش متاثرہ علاقوں اور ریلیف کیمپوں میں متاثرین کو طبی سہولیات فراہم کیں

ٹنڈو الہ یار۔۔۔13، اگست 2011ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ٹنڈو الہ یار کے مختلف اسکولوں اور کالجوں میں عارضی طور پر ٹھہرائے گئے ہزاروں بارش سے متاثرہ افراد میں کھانا تقسیم کیا گیا اور انہیں طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔تفصیلات کے مطابق قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر اندرون سندھ بارش سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم ٹنڈو الہ یار، میر پورخاص اور بدین زون کے زیر اہتمام سرگرمیاں شروع کردی گئیں تھیں اور اس دوارن میر پورخاص اور ٹنڈو الہ یار کے ہزاروں بارش سے متاثرین افراد کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران و کارکنان نے کشتیوں کے ذریعے نہ صرف محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا بلکہ ان کی رہائش، کھانے پینے اور دیگر بنیادی ضروریات کا انتظام بھی کیا۔ایم کیوایم ٹنڈو الہ یار زون کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ، جوائنٹ زونل انچارج شاہد عالم قائم خانی، اراکین زونل کمیٹی نے ٹنڈ الہ یار کے بارش سے شدید متاثرہ علاقوں انڑ پاڑہ، اکبر کالونی، پیر کالونی، گلشن حمید، شہباز کالونی، نیو مدینہ کالونی، منصور کالونی، ابراہیم کالونی، اشفاق ٹاؤن، نواب کالونی، سول اسپتال کالونی کے بارش سے متاثرین میں بھی کھانا، پانی، ادویات اور دیگر ضروری سامان تقسیم کیا۔اس دوران انہوں نے متاثرین کی محفوظ مقامات پر منتقلی کے کام بھی انجام دیئے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جدید طبی سہولیات سے آراستہ موبائل ایمبولینسوں نے ٹنڈو الہ یار کے بارش سے متاثرہ علاقوں اور ریلیف کیمپوں میں بارش متاثرین کو طبی سہولیات فراہم کیں اور انہیں وبائی امراض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا۔بارش سے متاثرہ خاندانوں کے افراد نے طبی و امدادی سرگرمیوں پر قائدتحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## پاکستان کے 65 ویں یوم آزادی کے موقع پر نائن زیرو، خورشید بیگم سیکریٹریٹ، ایم پی اے ہاسٹل، ایم کیوایم شعبہ اطلاعات، مکا چوک، اور اس کے اطراف کی گلیوں کو پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچموں اور برقی قمقموں سے سجادیا گیا

کراچی:۔۔۔13 اگست، 2011ء

پاکستان کے 65 ویں یوم آزادی کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ المعروف نائن زیرو، خورشید بیگم سیکریٹریٹ، ایم پی اے ہاسٹل، ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کی بلڈنگ، مکا چوک، اور اس کے اطراف کی گلیوں کو پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچموں اور برقی قمقموں سے سجادیا گیا ہے۔جبکہ کراچی کی طرح اندرون سندھ حیدرآباد، میر پورخاص، سکھر، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈو الہ یار، گھوٹکی، جامشورو، عمرکوٹ، ٹھٹہ، نوشہرو فیروز، بدین، لاڑکانہ، خیرپور، شکارپور، دادو، قمبر شہدادکوٹ، کشمور، جیکب آباد میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر کو جشن آزادی کے سلسلے میں پاکستان کے پرچموں اور برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے۔اسی طرح ملک کے دیگر ایم کیوایم کے زونل آفسز لاہور میں پنجاب ہاؤس، ملتان، رحیم یارخان، راولپنڈی، بہاولپور دیگر زونل آفسوں بھی چراغاں کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆